## تیرہویں مناجات بِسْمِ اللهِ الرَّحْمنِ الرَّحِيمِ مناجات ذاکرین

خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

إِلهِی لَوْلاَ الْواجِبُ مِنْ قَبُولِ أَمْرِکَ لَنَزَّهْتُکَ عَنْ ذِكْرِی إِيَّاکَ عَلَى أَنَّ ذِكْرِی لَکَ بِقَدْرِی

میرے معبود اگر تیرا حکم ماننا واجب نہ ہوتا تو میں تیرا ذکر اپنی زبان پر نہ لاتا کیونکہ میں تیرا جو ذکر کرتا ہوں وہ میرے اندازے سے

لاَ بِقَدْرِکَ، وَمَا عَسَىٰ أَنْ يَبْلُغَ مِقْدارِی حَتَّى أُجْعَلَ مَحلاًّ لِتَقْدِيسِکَ، وَمِنْ أَعْظَمِ النِّعَمِ

ہے نہ تیری شان کے مطابق اور میری کیا بساط کہ میں تیری تقدیس و پاکیزگی کا محل قرار پا سکوں یہ چیز ہم پر تیری

عَلَيْنا جَرَيَانُ ذِكْرِکَ عَلَى أَلْسِنَتِنا، وَ إِذْ نُکَ لَنا بِدُعائِکَ وَتَنْزِيهِکَ وَتَسْبِيحِکَ. إِلهِی

عظیم نعمتوں میں سے ہے کہ تیرا ذکر ہماری زبانوں پر جاری ہے اور ہمیں تجھ سے دعا مانگنے اور تیری پاکیزگی و نظافت بیان کرنے

فَأَلْهِمْنا ذِكْرَکَ فِی الْخَلاءِ وَالْمَلاءِ، وَاللَّيْلِ وَالنَّهارِ، وَالْإِعْلانِ وَالْإِسْرارِ وَفِی السَّرَّاءِ وَ

کی اجازت ہے میرے معبود ہمیں اپنے ذکر کی توفیق دے کہ ہم نہاں اور عیاں، رات اور دن، ظاہر و باطن اور

الضَّرَّاءِ وَآنِسْنا بِالذِّكْرِ الْخَفِيِّ وَاسْتَعْمِلْنا بِالْعَمَلِ الزَّكِيِّ وَالسَّعْيِ الْمَرْضِيِّ، وَجازِنا بِالْمِيزانِ

خوشی و غمی میں تیرا ذکر کیا کریں ہمیں اپنے پوشیدہ ذکر سے مانوس فرما ہمیں پاکیزہ عمل اور پسندیدہ کوشش

الْوَفِيِّ. إِلهِی بِکَ هامَتِ الْقُلُوبُ الْوَالِهَةُ، وَعَلَى مَعْرِفَتِکَ جُمِعَتِ الْعُقُولُ الْمُتَبايِنَةُ فَلاَ تَطْمَئِنُّ

میں لگا اور پوری میزان سے ہمیں جزا دے میرا محبت بھرا دل تجھ سے لگاؤ رکھے ہوئے ہے

الْقُلُوبُ إِلاَّ بِذِكْرَاکَ وَلاَ تَسْكُنُ النُّفُوسُ إِلاَّ عِنْدَ رُؤْيَاکَ، أَنْتَ الْمُسَبَّحُ فِی كُلِّ مَكانٍ،

تیری معرفت میں مختلف قسم کی عقلیں اتفاق رکھتی ہیں پس دل چین نہیں پکڑتے مگر تیرے ذکر سے

وَالْمَعْبُودُ فِی كُلِّ زَمانٍ، وَالْمَوْجُودُ فِی كُلِّ أَوانٍ وَالْمَدْعُوُّ بِكُلِّ لِسانٍ وَالْمُعَظَّمُ فِی كُلِّ جَنانٍ

اور تیری ذات پر یقین سے نفسوں کو سکوں ملتا ہے تو ہی ہے جس کی تسبیح ہر جگہ ہوتی ہے اور جو ہر زمانے میں معبود ہے اور ہروقت ہر جگہ موجود ہے

urdu.duas.org

وَأَسْتَغْفِرُکَ مِنْ کُلِّ لَذَّةٍ بِغَيْرِ ذِكْرِكَ، وَمِنْ كُلِّ رَاحَةٍ بِغَيْرِ أُنْسِكَ، وَمِنْ كُلِّ سُرُورٍ بِغَيْرِ

اور ہر زبان سے پکارا جاتا ہے اور ہر دل میں تیری عظمت قائم ہے میں معافی چاہتا ہوں تجھ سے تیرے ذکر کے سوا ہر لذت سے تیری محبت کے

قُرْبِكَ وَمِنْ كُلِّ شُغْلٍ الْحَقُّ بِغَيْرِ طَاعَتِكَ إِلٰهِی أَنْتَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

سوا ہر راحت سے تیری قربت کے سوا ہر خوشی پر اور معافی چاہتا ہوں تجھ سے تیری اطاعت کے سوا ہر کام سے میرے معبود تو نے ہی کہا ہے اور تیرا قول حق ہے

اذْكُرُوا اللهَ ذِكْراً كَثِيراً وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلاً وَقُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَق فَاذْكُرُونِی أَذْكُرْكُمْ

کہ اے ایمان لانے والو ذکر کرو اللہ کا بہت زیادہ ذکر اور صبح و شام اس کی پاکیزگی بیان کرو نیز تو نے ہی کہا اور تیرا قول حق ہے پس تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد

فَأَمَرْتَنا بِذِكْرِكَ وَوَعَدْتَنا عَلَيْهِ أَنْ تَذْكُرَنا تَشْرِيفاً لَنا وَتَفْخِيماً وَ إِعْظَاماً وَهَا نَحْنُ ذَاكِرُوكَ

کرونگا تو نے ہمیں اپنی یاد کا حکم دیا اور ہم سے وعدہ کیا اس پر کہ تو بھی ہمیں یاد کرے گا یہ ہمارے لیے شرف واحترام اور بڑائی ہے تو اب ہم تجھے یاد کر رہے

كَما أَمَرْتَنا، فَأَنْجِزْ لَنا مَا وَعَدْتَنا، يَا ذاكِرَ الذَّاكِرِينَ، وَيَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ .

ہیں جیسے تو نے حکم دیا ہے پس تو بھی ہم سے کیا ہوا وعدہ پورا کر اے یاد کرنے والوں کو یاد کرنے والے اور اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔